سوال

(376)عدت کے دوران ٹیلیفون سننا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا جس عورت کا شوہر فوت ہوگیا ہواس کیلئے عدت کے دوران ٹیلفون سننا جائز ہے جبکہ یہ معلوم نہ ہو کہ یہ مرد کا فون ہے یا عورت کا ؟ عورت کیلئے عدت میں کیا واجب ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عدت کے دوران عورت کیلئے یہ واجب ہے کہ وہ زینت کے اظہار سے اجتناب کرے اور شہرت و زینت کا لباس اور زیورات ''خضاب اور سرمہ وغیرہ استعمال نہ کرے' ضرورت کے بغیراپنے گھر سے باہر نہ نکلے 'خوشبو اور عطر استعمال نہ کرے' اجنبی مردوں کے سامنے نہ جائے' ضرورت کیلئے پردہ کے ساتھ اوراپنے محرموں کے ساتھ گھر سے باہر جا سکتی ہے 'اپنے گھر کے اندر چل پھر سکتی ہے 'گھر کے بالائی حصے پر بھی جا سکتی ہے' بوقت ضرورت ٹیلیفون پر بات کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں بشرطیکہ معلوم ہو کہ یہ کسی عورت کا ٹیلیفون ہے اوراگر فون کسی ایسے مرد کا ہو جو جان پہچان کے لئے فون کر رہا ہو تو پھر فوراً بات ختم کر دینی چاہیئے' اسی طرح دیگر عورتوں کو بھی اجنبی مردوں کے ساتھ اس قسم کی گفتگو نہیں کرنی چاہیئے' پس پردہ غیر محرم رشتہ داروں سے گفتگو کرنا بھی جائز ہے' نیز ٹیلیفون پر گفتگو کرنا بھی جائز ہے' نیز سوگ کے علاوہ دوسرے اوقات میں بھی گفتگو جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ]

کتاب العدہ : جلد 3 صفحہ 352

محدث فتویٰ